تنظیمِ اسلامی مرکزی شعبہ نشرواشاعت
K/36 ماڈل ٹاؤن لاہور-فون 3-042-35869501 -042-3586304 فیکس 042-35834000
E-mail: media@tanzeem.org, Website:www.tanzeem.org

تنظیم اسلامی
13اپریل2018ء

# پریس ریلیز

لاہور(پ ر)ہمیں اسلامی اقدار کا تحفظ ہر صورت کرنا ہوگا۔ یہ بات تنظیم اسلامی کے امیر حافظ عاکف سعید نے قرآن اکیڈمی لاہور میں خطاب جمعہ کے دوران کہی۔ اُنہوں نے اس خبر پر تشویش کا اظہار کیا کہ پاکستان نے اقوام متحدہ کے اس مطالبے پر کہ پاکستانی معاشرے کو سیکس فری ہونا چاہیے، کا جواب Officially noted یعنی مثبت دیا ہے گویا حکومت اس سمت اقدام اٹھائے گی۔ اُنہوں نے کہا کہ ایسا ہی مطالبہ اقوام متحدہ نے 2008ء میں پاکستان پیپلز پارٹی کی حکومت سے کیا تھا لیکن اُس کی حکومت نے اسے سختی سے رد کر دیا تھا۔ آج مسلم لیگ کی حکومت اسے تسلیم کر کے اسلامی احکامات کی صریحاً خلاف ورزی کی مرتکب ہو رہی ہے۔ امریکی سفارت کار کا نوجوان کو اپنی گاڑی تلے روندنے کے واقعہ پر تبصرہ کرتے ہوئے اُنہوں نے پوچھا کہ کیا سفارت کاروں کے پاس شہریوں کے قتل کا لائسنس ہوتا ہے؟ مشرف نے افغانستان کے سفیر ملا ضعیف سے بدسلوکی کی تھی اور اُسے امریکہ کے حوالے کر دیا تھا۔ تحریک لبیک یا رسول اللہ کے دھرنے کا ذکر کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ اُن کے طرز تکلم سے اختلاف ہونے کے باوجود ہم یہ واضح کرنا ضروری سمجھتے ہیں کہ وعدہ کسی سے بھی کیا جائے پورا کرنا چاہیے۔ حکومت نے بالآخر اُن کے مطالبات تسلیم کر کے سو جوتے بھی کھائے ہیں اور سو پیاز بھی کھائے ہیں۔ اُنہوں نے کہا کہ حکومت کو تمام معاملات پوری سوچ وبچار اور تحمل و بردباری سے طے کرنے چاہییں۔

جاری کردہ

(ایوب بیگ مرزا)
ناظم نشرواشاعت تنظیم اسلامی
0321-4893436

# TANZEEM E ISLAMI

**<u>PRESS RELEASE</u>: April 13, 2018**

## "We will have to protect our Islamic rubrics and practices under any and all circumstances."

**(<u>Hafiz Aakif Saeed</u>)**

**Lahore (PR): "We will have to protect our Islamic rubrics and practices under any and all circumstances."**

This was stated by the Ameer of Tanzeem e Islami, **<u>Hafiz Aakif Saeed</u>**, during the Khitab e Jumu'ah in Qur'an Academy, Lahore.

The Ameer expressed deep concern about the verified news that in response to the demand of the United Nations (UN) regarding establishing a "free sex" society (with mutually consensual sex out of wedlock neither being a felony nor a sin) in the country, Pakistan had responded by penning "officially noted", thus by replying in positive our government had indicated that it would take "steps and measures" towards that end. The Ameer remarked that the same demand had previously been made by the UN in 2008 during the rule of Pakistan People Party, which the government of PPP had strictly rejected. He lamented that ten years on, the government of PML-N was blatantly violating the edicts of Islam by accepting such sinister and un-Islamic recommendations.

While commenting on the incident in which a U.S. diplomat had run his vehicle over a young man, the Ameer posed the question that did "Diplomatic Immunity" give attachés of foreign countries a virtual "license to kill"? The Ameer noted that during the Musharraf regime, the ex-Dictator had not only treated the Ambassador of Afghanistan, *Mullah Zaeef*, with flagrant impunity but had also extradited him to the U.S., breaching all diplomatic norms in the process.

While commenting on the sit-in staged by *Tehreek Labbaik Ya Rasool Allah* (TLYRA), the Ameer stated that despite our disagreement with the language and tone used by *TLYRA*, Tanzeem-e-Islami considered it necessary to make it clear that promises and agreements made with anyone must always be honored. By eventually submitting to the demands made by *TLYRA*, our government has made an absolute mockery of itself, as they tried to drag the matter out that resulted in disgrace and when that did not work they had to give in to the demands with equal disgrace! The Ameer concluded by advising that those in power ought to make decisions based on wisdom, insight, prudence and restraint, especially when dealing with complicated situations.

**Issued by**
**Ayub Baig Mirza**
**Nazim of Press and Publications Section**
**Tanzeem e Islami, Pakistan**